کرنا چاہیں مراسلہ نگار سے رابطہ قائم کریں۔

قادیان سے اسرائیل تک | آپ کی شائع کردہ یہ کتاب قادیانیوں پر ایٹم بم کی حیثیت رکھتی ہے۔ اگر آپ اسے صدیقی ٹرسٹ نسیم پلازا کراچی کو دے دیں اور وہ اسے اپنے طور پر شائع کرکے مفت تقسیم کرسکیں تو بہت مفید رہے گا۔

مہر حسین بخاری۔ بیت التوحید۔ کامرہ کلاں۔ ضلع اٹک

★ **الحق**:۔ صدیقی ٹرسٹ کی خدمات نہایت قابل تحسین ہیں۔ اگر وہ یا کوئی بھی ادارہ اس کتاب کو مؤتمر دار المصنفین کے ذکر کے ساتھ اپنے ادارہ کی طرف سے شائع کرسکے تو سر آنکھوں پر، مؤتمر کا مقصد تبلیغ و اشاعت ہے نہ کہ کوئی تجارت یا کاروبار۔

وفاقی شوریٰ میں شامل علماء کرام کے نام | کسی کتاب میں ذیل کے دو شعر دیکھے آپ اور آپ جیسے چند جید علماء کے شوریٰ میں پہنچنے پر جمہوریت کے پجاریوں نے جو بے جا طومار کھڑا کر دیا ہے اس کی وجہ سے دل چاہتا ہے کہ یہ رباعی شاعر سے مستعار لے کر آپ کی نذر کردوں۔ بلکہ الحق کی وساطت سے شوریٰ میں نامزد ہونے والے تمام علمائے کرام کی خدمت میں پیش کردوں ؎

حُسنِ حق کہنے میں ہے حسن بیاں ہو یا نہ ہو
حق کو پوشیدہ نہ رکھ تیرا زباں ہو یا نہ ہو

اس طرف چل جس طرف ہو راہنما تیرا ضمیر
بیشک اس رہ میں ہجوم رہرواں ہو یا نہ ہو

بالخصوص آپ کی شورائی مصروفیات تو بے حد باعث مسرت ہیں بجٹ کی تقریر نہایت دلچسپ اور تاریخی ہے حضرت شیخ مدظلہ کے بارہ میں بندہ کی مدحیہ کلام میں سے ایک شعر آپ کے لئے مستعار لیتا ہوں ؎

سمیع الحق تو اب تلک تھا منبر و محراب میں
اب گرج ہوگی تیری آئین کے ابواب میں

قاضی عبدالحلیم مدرسہ نجم المدارس کلاچی۔ ڈیرہ اسماعیل خان

تحفہ دعا و تبریک

مژدہ خوش باد صبا آورد
کہ بر بود از دل افکار گرد

محترمی عزیزی حق شنوا سندہ
بہ نکتہائے دین نبیؐ درشدہ

یافت بر حسودان دین سبق
پرواز یافت باطل آمد حق

در کونسل ہائے مشورہ شد ممبر
دار ویزدان او را بر ہمہ بر (آمین)

اس عہدہ عمدہ بر ہمہ احبابؔ[1]
خصوصاً بر آفتاب[2] عالمتاب

[1] استاذان و طلبہ و فاضلان حقانیہ و وفاداران جمعیۃ علماء اسلام [2] شیخ الحدیث دار العلوم حقانیہ مدظلہ اللہ تعالیٰ ظلہ العالی